Urdu

فریزر ہیلتھ کی عمارتوں میں ممنوعہ منشیات لانا

Bringing unregulated substances into Fraser Health buildings
A message from people with lived and living experience with drug use.

منشیات کے استعمال میں مبتلاء اور اس اذیت سے گزرنے والے لوگوں کا پیغام۔

فریزر ہیلتھ کی ذاتی استعمال کیلئے مستثنیٰ نشہ آور اشیاء کے رکھنے کی بارے میں پالیسی سے متعلق آپ کے حقوق

وہاں جانے کے بعد ، میں کیا توقع کر سکتا ہوں؟
What can I expect during a visit?

آپ کو فریزر ہیلتھ سائٹس پر ذاتی استعمال کیلئے 2.5 گرام تک مادہ رکھنے کی اجازت ہے۔

جن اشیاء کی اجازت ہے ان میں درج ذیل شامل ہیں:

– افیون سے بنی اشیاء (ہیروئن، فینٹینیل، ڈاؤن)
– MDMA (ایکسٹیسی، مولی)
– کوکین (کریک، پاؤڈر کوکین)
– میتھم فیٹامین (کرسٹل میتھ، سائیڈ)

ایک چیز آپ کی ذاتی ملکیت کا حصہ سمجھی جاتی ہے اگر:

- آسانی سے لے جائی جا سکتی ہے اور چھپائی جا سکتی ہے، اور
- یہ آپ کے ذاتی استعمال کیلئے ہے۔

مندرجہ ذیل کی اجازت نہیں ہے:

- ممنوعہ اشیاء کی فروخت
- 2.5 گرام سے زیادہ مادے کا ہونا

عملہ آپ کے قبضے میں موجود اشیاء کا وزن یا پیمائش نہیں کرے گا۔

اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کو اپنے وزٹ کے دوران نشہ آور چیز استعمال کرنے کی ضرورت ہے، تو براہ کرم عملے کو بتائیں۔ وہ آپ کے نگہداشت کے پلان پر آپ کی ان اشیاء کی ضروریات کو ریکارڈ کریں گے تاکہ دوسرے عملے کے علم میں بھی ہو۔

فریزر ہیلتھ کی عمارتوں میں سگریٹ نوشی اور الیکٹرانک سگریٹ نوشی کی اجازت نہیں ہے۔

عمارتوں میں سگریٹ نوشی سے آگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے کیونکہ وہاں آکسیجن ٹینک اور دیگر آتش گیر اشیاء موجود ہوتی ہیں۔

آپ کو طبی نگہداشت حاصل کرنے کیلئے نشہ آور اشیاء کا استعمال ترک کرنا ضروری نہیں ہے جب تک اس کی کوئی خاص طبی وجہ نہ ہو۔

آپ کو اپنے منشیات کے استعمال کے علاج سے انکار کرنے کا حق ہے۔ آپ کو اپنے علاج کے بارے میں کسی بھی فیصلے میں شامل کیا جانا چاہئے۔

بعض اوقات ہمارے عملے کو حفاظتی وجوہات کی بناء پر عارضی طور پر آپ کا سامان (بشمول نشہ آور اشیاء) علیحدہ سٹور کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مشکل ہو سکتا ہے لیکن عملہ آپ کے حقوق کا احترام کرنے کی کوشش کرتے ہوئے دوسروں کی حفاظت کو یقینی بناتا ہے۔

یہ ہمارے عملے کیلئے بھی سیکھنے کا موقع ہے۔ ہوسکتا ہے کہ انہیں منشیات کے استعمال کے بارے میں اتنا علم نہ ہو جتنا آپ کو ہے۔ براہ کرم تحمل سے کام لیں کیونکہ وہ آپ کو بہترین نگہداشت فراہم کرنے کے بارے میں مزید جان سکیں گے۔

جو لوگ منشیات کا استعمال کرتے ہیں وہ اکثر رسوائی محسوس کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ منشیات کے استعمال کے بارے میں کھل کر اور ایمانداری سے بات کرنے سے رسوائی کا احساس کم ہو گا۔

عملہ میرے منشیات کے استعمال کے بارے میں کیوں پوچھتا ہے۔
Why do staff ask about my drug use?

وہ سب سے منشیات کے استعمال کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ وہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کون سی منشیات استعمال کر رہے ہیں کیونکہ بعض منشیات طبی نگہداشت میں مداخلت کر سکتے ہیں۔ یہ سوالات آپ کے کیلئے تکلیف دہ ہو سکتے ہیں ، مگر یہ عملے کو آپ کو بہترین دیکھ بھال فراہم کیلئے ضروری ہیں۔

میرے یہاں ہوتے ہوئے میرے منشیات کے استعمال میں مدد کیلئے کیا دستیاب ہے؟
What is available to help with my drug use while I am here?

ہر جگہ آپشنز مختلف ہوتے ہیں۔ عملے سے پوچھیں کہ آپ جس جگہ جا رہے ہیں وہاں کیا دستیاب ہے۔

اگر آپ کو نقصان کو کم کرنے والی ادویات اور گھر لے جانے کیلئے نالوکسون کی ضرورت ہو تو عملے سے بات کریں۔

اگر آپ کو طلب محسوس ہورہی ہے یا آپ ترک کرنے کے بارے میں فکر مند ہیں، تو عملے کو بتائیں۔ ان کے پاس آپ کی مدد کیلئے تجاویز ہو سکتی ہیں، بشمول Opioid Agonist Treatment (OAT) اور ترک کرنے کے بارے میں دیگر تعاون۔

اگر یہاں رہتے ہوئے آپ اپنی منشیات کا استعمال کرنے کی طلب محسوس کرتے ہیں تو عملے سے بات کریں۔ وہ کسی مناسب جگہ کی نشاندہی کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں جہاں آپ استعمال کرسکیں۔

کچھ ہسپتالوں میں ای او پی ایس (اپی سوڈک اوور ڈوز سے بچاؤ کی خدمت) ٹیمیں، ہم عصر افراد کی ٹیمیں، اور نشے کے ماہرین ہوتے ہیں جو آپ کو علاج کے آپشنز کا انتخاب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اگر آپ یہ خدمات چاہتے ہیں تو عملے کو بتائیں۔ وہ آپ کو علاج کی دیگر اقسام یا ٹیموں جیسے آؤٹ ریچ سروسز کے پاس بھی بھیج سکتے ہیں۔

عملہ منشیات ترک کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے، لیکن یہ صرف اس صورت میں ممکن ہے جب آپ کھل کر بات کریں۔

آپ کی نگہداشت کے بارے میں تشویش یا تعریف
Concerns or compliments about your care

اگر آپ اپنی نگہداشت سے خوش ہیں، تو براہ کرم بلا جھجھک عملے کے رکن یا ان کے سپروائزر کو بتائیں۔

اگر آپ کو اپنی نگہداشت کے بارے میں سوالات یا خدشات ہیں، تو براہ کرم اپنے نگہداشت کرنے والے شخص یا اس کے مینیجر سے بات کریں۔

اگر آپ کسی تشویش سے نمٹنے کے طریقہ کار سے ناخوش ہیں، تو براہ کرم رابطہ کریں:

Fraser Health Patient Care Quality Office
1-877-880-8823
PCQOffice@fraserhealth.ca
Fraserhealth.ca/about-us/compliments-and-complaints

پییئر ایڈوائزر ٹیم کا شکریہ جن کی اس معاملے میں مہارت نے اس وسیلے کو بنانے میں مدد کی۔

اندرونی ہیلتھ اتھارٹی اور ان کے ہم عصر مشیروں کی اجازت سے ترمیم شدہ۔

یہ معلومات آپ کے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کی طرف سے دیے گئے مشوروں کی جگہ نہیں لینگیں۔

Catalogue #268463 (March 2024) Urdu ◆ For more copies: patienteduc.fraserhealth.ca